بمل رائے کا پیش کردہ

प्रेम पत्र

پریم پتر

اداکاران

سادھنا۔ ششی کپور۔ سیما

راجندر ناتھ۔ چاند عثمانی

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانا نمبر ۱

پریم پتر فلم کے گانے

دو اکھیاں جھکی جھکی سی
کلیوں سے نازک ہونٹوں پر
کوئی پیاس کی ترسی سی
دو اکھیاں ——

شرمائی پلکوں میں سپنے ۔ جب آنکھ مچولی کھیلیں
لہراتی زلفیں مکھڑے کو
سائے میں جب لے لیں
اک خوشبو اُڑی اُڑی سی
دو اکھیاں ——

اک پل لاگے اپنی ۔ اور دوجے پل بیگانی
اک انجانی سی صورت ہے
کچھ جانی پہچانی
اک حسرت دبی دبی سی ہے
دو اکھیاں ——

میرے دل کی خاموشی میں ، ہلچل کون مچائے
اک دھندلی سی تصویر ہے
اور بن کر مٹ جائے

پاس آکر چھپی چھپی سی

دو انکھیاں ...

گانا:- اب اور نہ کچھ بھی یاد رہا

نہ تیری دنیا، نہ اپنی جگہ

دل پیار میں ایسا ڈوب گیا

اب اور ———

اب تیری شکایت کون کرے

سامنے بیٹھا دل چرائے، نظر نہ آئے

جا دیکھی تیری یہ بھی ادا

اب اور ———

بول چھپے گا اور کہاں

رات کی چیتون، چاند کا درپن

لہروں کی دھڑکن

ہر شے میں صنم انداز تیرا

اب اور ———

مجھ کو تمنا کوئی نہیں

تیری محبت، تیری چاہت

میری دولت

دل تیرے سوا سب بھول گیا

اب اور ———

گانا نمبر ۳

خوش ہو رہے تجھے پہلے ٹھکرا کے زندگی کو
اب ڈھونڈتے ہیں دیکھو گھبرا کے زندگی کو
——— خوش ہو رہے
نادانیوں پہ اپنی کیا کیا تھا ناز ہم کو
شرما رہے ہیں اتنو شرما کے زندگی کو
——— خوش ہو رہے
غمخوار کوئی اپنا ہمدم نہ کوئی اپنا
پھر کون لائے واپس سمجھا کے زندگی کو
——— خوش ہو رہے

گانا نمبر ۴

ساون کی راتوں میں ایسا بھی ہوتا ہے
راہی کوئی بھولا ہوا
طوفانوں میں کھویا ہوا
راہ پر آجاتا ہے ——— ساون کی ———
اٹھتی نظر سے اسے دیکھ لوں میں
دل سے میرے تم یہ محسوس کر لو
طوفان یہ میرے دل سے اٹھا
چاہو تو تم اپنے دامن میں بھر لو
طوفانوں میں کھویا ہوا یہ راستہ ہے
——— ساون کی راتوں

ہارا ہوا تھا اندھیروں کا راہی
منزل سے پہلے ہی نیند آ رہی تھی
ہم تو لے کر چلے آئے ورنہ
میرے چراغوں سے لو جا رہی تھی
تیرے نے جتنے ہیں ہم دل جانتا ہے
ساون کی راتوں ——

گانا نمبر ۵

یہ میرے اندھیرے اُجالے نہ ہوتے
اگر تم نہ آتے میری زندگی میں
نہ جانے میرا دل یہ کیوں کہہ رہا ہے
تمہیں کھو نہ بیٹھوں کہیں روشنی میں
میری آنکھ نے تم کو دیکھا نہیں
مگر دل تو میرا تمہیں جانتا ہے
ذرا غم کے سفر میں میرا ہم سفر ہے
میں کیوں ساتھ اُسکا نہ دوں گا خوشی میں
—— یہ میرے اندھیرے
تمہاری محبت پہ مجھکو یقیں ہے
مگر اپنی قسمت پہ ہرگز نہیں ہے
محبت کے پیچھے کبھی آنکھوں نے میری
بگڑنے بھی دیکھے ہیں ہنسی ہی ہنسی میں
—— نہ جانے میرا دل ——

ابھی تو اُمیدوں کی دُنیا جواں ہے
نہ چھیڑو یہ مایوسیوں کے ترانے
تمہیں بھی قسم ہے کہ دل میں نہ رکھنا
خطا ہو گئی ہو اگر بے خودی میں

یہ میرے اندھیرے ۔۔۔
نہ جانے میرا دِل ـــــ

ختم شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پہلے اپنے آپ کو ایکٹر بنانا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کرنا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اُردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹرسوں کے حالات۔ نیز پرائیوٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۔/۱-۱۲ محصولڈاک معاف

صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور مکینک

دستکار اور

مستری بنانے والی کتابیں

الیکٹرک گائیڈ	4/-/-
ورکشاپ گائیڈ	4/-/-
موٹر گائیڈ	4/-/-
کروڈ آئیل	5/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/-
مکمل فوٹو گرافی	2/8/-
روشنائی سازی	2/-/-
خوبصورت بنو	1/8/-
تیل عطر سازی	2/-/-
گھڑی سازی	2/8/-
ریڈیو گائیڈ	4/-/-
صابون سازی	1/8/-
شیشہ سازی	2/-/-
اچار مربے چٹنی	1/8/-
باورچی خانہ	2/8/-
مجموعہ فالنامہ	1/-/-
وشنکر ماڈرین	6/-/-
الیکٹرک وائرنگ	4/-/-
خراد شکشا	3/-/-
آئیل انجن گائیڈ	5/-/-
ٹریکٹر گائیڈ	4/-/-
جنتری پیمائش چوب	1/4/-
کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
کاشتکاری باغبانی	4/-/-
مکمل مرغی خانہ سہ حصہ	4/-/-
تمباکو کی دوکان	2/-/-
بوٹ پالش بنانا	2/8/-
سینما مشین آپریٹر	4/-/-
بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-
آسان انگلش ٹیچر	2/-/-
دھوپ اگر بتی بنانا	1/8/-

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)